مینول آف انسٹرکشن ان آرمی سگنلنگ

یعنے

جھنڈی اور شیشے اور لال ٹین کے ذریعہ سے

اشارہ جنگی تعلیم



ماسٹر غلام محی الدین ۱۸ بنگال لانسرز نے ترجمہ کرکے

شائع کرایا

نومبر ۱۸۹۶ء

نیو امپیریل پریس لاہور میں سید رجب علیشاہ مالک و مینیجر کے اہتمام سے چھپا

(۱) تمہید کے بیان مین

آجکل جن ذریعون سے خبرین اور حکم فوجون مین بھیجے جاتے ہین وہ نیچے لکھے گئے طریقون مین شامل ہین *

(۱) ٹیلیگراف یعنی تار برقی *

(۲) وِژُوِل سِگنلنگ یعنی نظری اشارے *

(۳) موُنٹِڈ آرڈِرلی یعنی سوار اردلی *

اوپر لکھے گئے طریقے خبر بھیجنے کے جیسے جیسے کہ خاص موقعے ہون ویسے ویسے کام مین لائے جاتے ہین اور ان مین کوئی بھی ایسا طریقہ نہین ہے کہ جو دوسرے سے تعلق نہ رکھتا ہو۔ تار برقی مقررہ جگہون کے بیچ خبر بھیجنے کے لئے نہایت ٹھیک اور نہایت ہی جلد طریقہ ہے مگر تار کی لائن لگانے اور اُٹھانے مین بہت وقت لگتا ہے اور دشمن کے ملک مین ایک سرے سے دوسرے سرے تک اسکی حفاظت کرنی پڑتی ہے اسلئے غنیم کے ملک مین فوج کے اوٹ پوسٹون کے اندر ہی اسکو کام مین لاسکینگے *

نظری اشارے صاف موسم مین یعنی جب گرد و غبار بادل وغیرہ نہو خبر پہنچنے کا ایک درست
اور جلدی طریقہ ہے اور اس مین اسباب وغیرہ لانے اور لیجانیکی بہت ہی کم ضرورت
پڑتی ہے اور ایسے ملک مین جس جگہہ سڑکین نہون آسانیکے ساتھہ کام مین لا سکتے ہین
اور تار برقی کی نسبت اسکے ذریعہ سے دشمن کا بہید ٹہیک کر لیا جا سکتا ہے ۔ فوجکی سب سے
اگلی جگہون مین جا کر اسکا استعمال کر سکتے ہین اور پہاڑی ملک مین جس جگہہ کے لوگون
کے ساتھہ ہمارا دوستانہ برتاؤ نہو اغلب ہے کہ یہہ خاص طریقہ خبر پہنچنے کے ہو سکین
خبر رسانیکی بڑی بڑی لائینون کیلئے فائدہ مند ہونیکے علاوہ پہاڑی ملکون مین سگنلنگ
اُن موقعون پر کہ جہان فوج کئی الگ الگ حصون مین ایک مقررہ وقت تک آرام
کرنیکے لئے پڑی ہو کام مین لا سکتے مین یعنے ۔

اوٹ پوسٹون اور انکے والنٹیرکی رزرو کی مین باڈی کے بیچ ۔

ڈیٹیچڈ پوسٹون کے بیچ جو زیادہ یا کم جلدی سے لگائے گئے ہون ۔

کسی پہاڑ کی اچھی جگہون سے پہلی حرکت کیوقت تک کمانڈر انچیف سے خبر
رسانی کر سکے ۔

جہاز اور کنارون کے بیچ جب فوج اُتر رہی ہو یا چڑہ رہی ہو ۔ متصل جگہون جیسے
کہ بندرگاہون کے قلعون کے بیچ ۔

پیغام لکھکر اردلی کے ہاتھ بھیجوانا ایک نہایت اچھا طریقہ خبر رسانیکا ہے - اس طریقہ خبر رسانی مین اسوقت کا جو ہر ایک پیغام اور ہر ایک منزل کیواسطے سوار اور گھوڑے کو لگے گا خیال رکھنا چاہئیے - ہیلئے سوار اردلی نیچے لکھی ہوئی حالتون مین لگانی چاہئیں

(۱) چھوٹے چھوٹے فاصلون پر جسجگہہ اور ذریعہ سے خبر پہنچا لینے سے وقت بچ سکے یعنی میدان کی لڑائی مین چلتی ہوئی فوج کو حکم پہنچانیکے لئے ٭

(۲) دو جگہون کے بیچ جسجگہہ کوئی اور ذریعہ خبر رسانیکا نہو یعنے رکنا شروع کرنیوالی پارٹی کے ذریعہ سے سب سے نزدیک والے سگنل سٹیشن کو خبر پہنچانیکے لئے ٭

آرمی سگنلنگ مین صرف لکھے ہوئے پیغام بھیجنے چاہئیے ٭

یہہ بات یاد رہے کہ سگنل دینیوالی پارٹی کا یہہ کام نہین کہ خبرین حاصل کرے بلکہ اسکا یہہ فرض ہے کہ ان خبرون کے بھیجنے کا ذریعہ نکالے اور اسطرح سے سکاؤٹ اور ریکانائیسنس وغیرہ کے کامون مین مدد دے ٭

خبر بھیجنے والے اس بات کے سخت ذمہ دار ہون گے کہ جتنا ہو سکے اتنا اپنے پیغام کو مختصر کرین اور سب غیر ضروری لفظ چھوڑ دین - یہہ بات یاد رکھنا چاہئیے کہ کوئی ذریعہ جس سے میدان جنگ مین کسی فوج کے ہیڈکوارٹرس کو اسکے آوٹ پوسٹون سے صحیح چپ چاپ اور جلدی سے خبرین پہنچانا نہ صرف اسواسطے فائدہ مند

ہے کہ اس سے خبرین ملتی ہین بلکہ اُن سے یہہ فائدہ بھی نکلتا ہے کہ جھوٹی الارم اور بےچین کرنیوالی افواہون سے بچاؤ رہتا ہے - یہہ بیان کرنا ضروری نہین ہے کہ جنرل صاحب کو دشمن کی چالون کی خبر چند منٹ پہلے ملجانیسے فتح نصیب ہو جاوے +

ان باتون پر خیال کرکے امید ہے کہ ہر ایک افسر خواہ وہ آپ سگنلنگ کا کام کرے یا نہ کرے اس مفید کام کے اچھی طرح سے ہونےمین خوب کوشش کریگا +

(۲) نظری اشارون کے قاعدے

ڈاٹ اور ڈیش یعنی شورٹ اور لونگ کا بیان

نظری اشارون مین ڈاٹ اور ڈیش دو جزو ہین اور انہین کو گروپ جوڑکر الفاظ اشارے دینے کے لئے بنائی گئی ہے +

ڈاٹ اکائی سمجھی گئی ہے اور ڈیش ڈاٹ کی لمبائی کا تین گنا ہے -

ہر ایک پورے اشارے یا صرف کے بیچ ایک ڈیش یا تین اکایون کے برابر ٹھہرنا چاہئے اور لفظون کے بیچ اس سے دوگنا یعنی چھہ اکایون کے برابر ٹھہرنا ضروری ہے سگنلنگ کی خوبی یہہ ہے کہ ڈاٹون اور ڈیشونکی درست لمبائی کا خیال رہے

اور وقفوں اور ہٹرائڈونکو الگ الگ لکھا جاوے ۔ خواہ کسی اندازے سے یہہ
کام ہو رہا ہو مگر ان آپس کی لمبائیون کے رکھنے کی سخت ضرورت سمجھی گئی ہے ؞
یہہ الف باء جو آجکل کام مین لائی جاتی ہے مورس صاحب کی نکالی ہوئی ہے
اور اس ڈہنگ سے بنائی گئی ہے کہ جو حرف انگریزی زبان مین بار بار آیا کرتے ہین
انکو نہایت ہی چھوٹے اشارون سے ظاہر کیا گیا ہے اور کسی حرف کی بناوٹ
مین چار جزون سے زیادہ نہین ہین ؞
نیچے کے ٹیبل سے مورس صاحب کی الف باء اور کئی ایک متفرق اشارے جو آمی
سگنلنگ مین برتے جاتے ہین معلوم ہونگے ؞

الف باء

A	- —	اے
B	— - - -	بی
C	— - — -	سی
D	— - -	ڈی
E	-	ای
F	- - — -	ایف
G	— — -	جی
H	- - - -	ایچ
I	- -	آئی
J	- — — —	جے
K	— - —	کے
L	- — - -	ایل
M	— —	ایم
N	— -	این

O	— — —	او
P	- — — -	پی
Q	— — - —	کیو
R	- — -	آر
S	- - -	ایس
T	—	ٹی
U	- - —	یو
V	- - - —	وی
W	- — —	ڈبلیو
X	— - - —	ایکس
Y	— - — —	وائی
Z	— — - -	زیڈ

ہندسوں کی علامتیں

1	- — — — —	6	— - - - -
2	- - — — —	7	— — - - -
3	- - - — —	8	— — — - -
4	- - - - —	9	— — — — -
5	- - - - -	0	— — — — —

متفرق اشارے

صرف ایک نشان فل سٹاپ یعنی پورا ٹھہراؤ عبارت میں دیا جائیگا

یعنی III --- --- ---(٠)

پرپریٹو یعنی تیاری کا اشارہ اور اریزر یعنی کاٹاکوٹی کا اشارہ

یہ ہے --- --- --- --- --- وغیرہ (ایک متواتر سلسلہ ڈاٹون کا -

پرپریٹو سائن اسوقت کام مین لایا جاتا ہے کہ جب نظر آنیوالے دو یا زیادہ سٹیشنون کے ساتھ خبر رسانی کرنیکے لئے میسج بھیجنے سے پہلے انکا دھیان اپنی طرف کرایا جاوے - اور یہ نا جاننے ہوئے سٹیشن کا خیال اپنی طرف کرانے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے اس اشارہ کی رسید دینے کیواسطے میسج لینے والے سٹیشن کو جنرل انسر دینے کے بدلے اپنی پہچان کا حرف یا حروف (برعکس E دینے بنا) دینا چاہئے اور دوسرے اشارہ کے شروع ہونے تک اسی کو دیتے جاوین - جب یہ اشارہ کسی اور وقت دیا جاوے تو اسکا جواب جنرل انسر سے دینا چاہئے -

یہ نشان کاٹاکوٹی کا اشارہ بھی ہے اور یہ کسی لفظ یا گروپ کو جو غلطی سے بھیجا گیا ہو کاٹ دینے کے لئے کام مین لایا جاتا ہے - اس حالت مین اسکا جواب اریزر سے دینا چاہئے -

سٹاپ --- --- --- --- وغیرہ (متواتر سلسلہ ڈیشونکا)

جب دو یا دو سے زیادہ سٹیشنون کو بھیجا جاوے اور پریپریٹو سے شروع

کیا گیا - ہو تو شاپ کا یہ مطلب ہو کہ میسج سارا بہیجا جا چکا ہو اور اب کچھ باقی نہین رہا ہو -

جنرل آنسر — ایک (T) یا ڈیش -

ری پیٹ - - — — - - کبھی اسکو I M I کہتے ہین مگر اشارہ لگاتار دیا جاتا ہے) یہ کبھی اکیلا نہین دیا جاتا ہے بلکہ جو لفظ دُہرانے ہوتے ہین وہ اسکے پیچھے دئیے جاتے ہین -

سگنلرس انڈیکیٹر — - — - (A A) ڈاکٹر اسکو بھی کہتے ہین جو اختصار آخیر کیا ہین اسکے گو ہین انکا پر پڑہو اور صرف اسوقت کام مین لایا جاتا ہو کہ جب میسج شروع کر دیا گیا ہو اور اسکا جواب انڈیکیٹر سے دیا جاتا ہے -

سایفر سایفر - — - — - — - — (C C) یہ سایفر گروپون کے پہلے اور پیچھے دیا جاتا ہے اور انکا جواب جنرل آنسر سے دیا جاتا ہے -

بریک سگنل — - - — (II) پیغام کے پتے اور مضمون عبارت کے بیچ دیا جاتا ہے اور اگر نام اور پتہ بہیجنے والیکا دینا ہو تو مضمون عبارت کے پیچھے دینا چاہئے -

سگنل - - - — - (VE) یہ اشارہ گروپ کے طور بہیجا جاتا ہے اور نہ کہ دوسرے حروف کے طور)

پورا ہو گیا ہے -

آبلی ٹریٹر ▬▬ ▬ ▬▬ ▬ ▬▬ ▬ ڈاکٹر اسکو WW

بھی لکھتے ہین) یہہ اشارہ اُسوقت دیا جاتا ہے کہ جب دیئے گئے میسج

کی ہر ایک بات دوہرانی ہوتی ہے ارینرر اور اس مین یہہ فرق ہے کہ ارینرر

ملنے سے صرف وہ لفظ یا گروپ جو ابھی غلطی سے دیا گیا ہو کاٹا جاتا ہے اسکا جواب

آبلی ٹریٹر ▬▬ ▬ ▬▬ ▬ ▬▬ سے دیا جاتا ہے -

سگنل ▬ ▬ ▬▬ ▬ (FI) اسے ظاہر ہوتا ہے کہ

ہنڈے دے جاوینگے اور یہہ ہنڈے دینے سے پہلے دیا جاتا ہے -

سگنل ▬ ▬ ▬ ▬ (FF) اسے ظاہر

ہوتا ہے کہ جو ہنڈے دینے تھے وہ دے گئے ان دونو اشارون کا جواب

جنرل آنسر سے دیا جاتا ہے -

(۳) آلات اور اُنکے استعمال کا بیان

فلیگس یعنی جھنڈیان


اس مین شک نہین ہے کہ جھنڈیان نظر آتی ہین مگر پوری پوری تب ہی دکھلا دیتی

ہین کہ جب انکو ہلایا جاتا ہے شورٹ اور لونگ جھنڈی کے دکھلاتے اور چھپا دینے کے بدلے ہاتھیسے بنائے جاتے ہین ۔

لارج فلیگس یعنے بڑی جھنڈیاں ۔ سگنلر بائین سے دائین کو یا دائین سے بائین کو یا جسطرف کہ سگنل دے رہا ہو اسطرف پیٹھہ پہیر کر جیسی کہ رخ ہوا کا ہو کام کر سکتا ہے تاکہ جھنڈی ہوا کے سامنے اصل جگہہ سے ہلائی جاکر ڈولی کو سگنل رینک مین چھہ چھہ قدم کی دوری پر یا دو یا تین رینک مین واقف تعداد آدمیون کے مناسب تفاوت رکھکر فالن کرنا چاہئے اور جھنڈی کی لکڑی بدن کے بیچ بائین کو جھکی ہوئی ترچھی پکڑی جائے ۔ دہنے ہاتھہ سے جھنڈی کی لکڑی کوئی آٹھہ انچہ جھنڈی سے نیچے پکڑی جاوے اور جھنڈی لپیٹ کر بائین ہاتھہ مین تہامے رہے ۔

پریپیر ٹو سگنل کے حکم پر پاٹن کو الگ کر دینا یا دن بارہ انچ دہنے کو بیجا کر اور جھنڈی کی لکڑی کو اسطرح اوٹھاؤ کہ بائین کندہے کے سیدہ مین آجاوے جھنڈی کی لکڑی کے نچلے سرے کو بائین ہاتھہ سے پکڑ کر بدن کے بیچ کے سامنے لیجاؤ ۔ اس پوزیشن مین بائین کہنی پہلو سے ملی ہی ہا یا ۔ ۔ ۔ بازو کا چوڑا ۔ ۔ اور کلائی گول باہر کیطرف ہو اور بدن کے بیچ کے سامنے چہہ انچ دور ۔ ۔ ۔ ۔ یان ہاتہہ

پھر بھی جھنڈی سے آٹھ انچ نیچے رہے مگر زیادہ دبا کے نہ ہونا چاہئے۔ جھنڈی کی لکڑی اتنی اونچی اور بھی رہے کہ جھنڈی نیچے گراتے وقت بھی جو کھائی پڑے اس پوزیشن میں جھنڈی کی لکڑی کو بدن کے سینٹر کے بیچ سر کی لائن کے ساتھ کوئی پچیس درجہ کی کون بنانے چاہئے۔



ڈاٹ بنانیکی ترتیب

جہنڈی کو اصلی پوزیشن a (شکل ۱) سے ہلاکر بدن کی دوسری طرف پوزیشن b (شکل ۲) کیطرف لیجاؤ اور وہان سے ہٹرتے ہوا پہر a (شکل ۱) پر لے آؤ بائین کہنی پہلو سے لگی رہے۔

ڈیش بنانیکی ترتیب

جہنڈی کو a (شکل ۱) سے c (شکل ۳) تک اسطرح سے لیجاؤ کہ لکڑی کا سرا کچہہ زمین کو چہو جاوے اب بہی بائین کہنی پہلو سے ملی رہے اور دہنا بازو سیدہا کیا جاوے۔ اس پوزیشن مین تہوڑا سا ٹہرکر پہر a (شکل ۱) پر لے آؤ ڈیش ٹہیک ٹہیک بنانے کیواسطے یہہ ضروری ہی کہ دہنا بازو سیدہا اور خوب نیچے کیا جاوے۔ اس بات کا پکا یقین کرنیکے لئے کہ یہہ قاعدے کے موافق کیا جاتا ہے کلاس کو کبہی کبہی بار بار ڈیش بنانیکی مشق کرائی جاوے صرف دہنے ہاتہہ سے جہنڈی کی لکڑی پکڑنی چاہئے اور بایان ہاتہہ پیٹہہ کے پیچہے رکہا جاوے جب کسی حرف مثلاً R (‐ ‐‐ ‐) دینا ہو تو جہنڈی کو لگاتار ہلانیسے اسکے

ڈاٹ اور ڈیش اچھی طرح ظاہر کرنے چاہئیں اگر بات کی خبرداری کرنی چاہئے
کہ اصل پوزیشن پر تھوڑا سا بھی نہ ٹھیریں - اسطرح R بنانیکے لئے جھنڈی کو
a (شکل ۱) سے b (شکل ۲) تک اور پھر a (شکل ۱) پر ادھر اُڑا کے
بنا پھر c (شکل ۳) پر لاویں اور پھر c (دیکھو ڈیش بنانیکی ترتیب) پر
تھوڑا سا ٹھیر کر a پر ملا دیں اور اسکے پیچھے پھرتے بنا b (شکل ۲) پر لیجا کر
پھر اصل پوزیشن a (شکل ۱) پر لے آویں -

ڈیش کی لمبائی کے برابر اصلی پوزیشن a (شکل ۱) پر ہر ایک حرف یا حرفوں کے
گروپ کے بیچ ٹھیرنا چاہئے - جب لفظ یا گروپ پورا ہو چکے تو جھنڈی کی لکڑی
کو نیچے جھکا دینا چاہئے اور جھنڈی کو بائیں ہاتھ سے لپیٹ لینا چاہئے -
لفظ یا گروپ شروع کرنے سے پہلے اصلی پوزیشن پر ذرا ٹھیرنا چاہئے -
خبر لینے میں جھنڈی گرا کر لپیٹ رکھنی چاہئے جینک جواب وغیرہ کیواسطے
ضرورت نہ پڑے -

ڈاٹ اور ڈیش بنانے میں جھنڈی کو ہمیشہ نظر کے سامنے رکھنے کے لئے لکڑی
کے سرے کو بدن کے آر پار اس طور سے ہلانا چاہئے کہ ہوا میں اُس سے
انگریزی ہندسے 8 کی شکل معلوم ہو -

جہان تک ہو سکے ہلاتے وقت لکڑی سیدہی اوپر کو رہے اور سرا اسکا کبہی فرش کیطرف جہکا نہ رہے - ڈیش دینے کے پیچہے اس بات کا خاص کر دہیان رکہنا چاہئیے -

جب ایک ہی حروف مین دو یا دو سے زیادہ ڈیش اکٹہے آجاتے ہین تو کئی سگنلر ہر ایک ڈیش کے بیچ جہنڈی کو پہر اصل پوزیشن پر نہ لانے سے ہلاؤنکو چہوٹا کر دیتے ہین -

اسکی عادت بالکل نہ پڑنے دینی چاہئیے کیونکہ ایسے کرنے سے اگر کام جہاہی ہو رہا ہو تب ہی خراب معلوم ہوتا ہے اور وقت کا خیال ہی نہین رہتا ہے جسکے سبب پیغام کا بہیجنا یا ہٹیک ہٹیک پڑہنا نا ممکن ہو جاتا ہے -

جب کسی سٹیشن کو خبر بہیجنی ہو تو جہنڈی والا اس سٹیشن کیطرف سیدہا چوکس کہڑا ہو کہ جہنڈی کی حرکتون سے دونو سٹیشنون کے بیچ جو نظری لاین ہو اسکے ساتھ زاویہ قایمہ بنے بڑی جہنڈیان تین فٹ چورس ململ کے کپڑے کی بنائی جاتی ہین اور دو رنگ کی ہوتی ہین ایک سفید جسپر نیلی پٹری دہاری ہوتی ہے یہ جہنڈی اسجگہہ برتی جاتی ہے کہ جس جگہہ پیچہے والی زمین اندہیری ہو اور دوسری گہری نیلی یہ اسجگہہ ہلائی جاتی ہے کہ جس جگہہ پیچہے والی زمین اوجالی ہو اور انکی لکڑی پانچ فٹ چہہ انچ لمبی اور

بٹ یعنی پکڑنیوالی جگہہ کا قطر یعنے بیچ والی لکیر ایک انچہ ہو اور گاؤدم ہوتی ہوئی اسکی
چوٹی آدہ انچہ ہو۔

سمال فلیگس یعنے چہوٹی جہنڈیان ۔ یہ بڑی جہنڈیون کی طرح بنائی جاتی ہین
مگر دو فٹ چوکس اور لکڑی انکی ساڑہے تین فٹ لمبی اور بٹ تین چوتہائی انچہ قطر
مین ہوتا ہے اور گاؤدم ہوتی ہوئی چوٹی پر آدہی انچہ ہو۔

ان جہنڈیون سے ہی بڑی جہنڈیون کے مطابق کام کیا جاتا ہی مگر فرق یہہ ہی
کہ ہاتھ زیادہ اونچے اوٹہائے جاتے ہین اور ڈہیلے ہوئے رہتے ہین بازو کچھہ کچھہ
سیدہے اور بایان ہاتہ ٹہوڑی سے نیچا ہو ۔ کہنیون کو چہاتی کے ساتہہ لگا کر کام
کرنیکی عادت بالکل نہ پڑنے دینی چاہئے ۔

دوری جبکہ ان جہنڈیون کے اشارے پڑہے جاسکین اور سگنلرون کو بڑی
جہنڈی ہلانیکی محنت کرنی نہ پڑے بالکل ربات پر منحصر ہے کہ وہ بڑے چکر مین ہلائی
جاوین اسواسطے یہہ ضروری ہی کہ سگنلرون کو اسکا استعمال ٹہیک ٹہیک سکہلایا جاوے
انکو سر کے اوپر اچہی طرح سے ہلانا چاہئے اچہی طرح سے بہیجنے سے اگر حالتین موافق ہون
تو ان جہنڈیون کے اشارے معمولی دوربین کے ساتھہ بارہ میل کی دوری سے پڑہے
جاسکتے ہین ۔

ہیلوگراف یعنی عکسی شیشہ

ہیلوگراف ایک ایسا آلا ہے کہ جسسے سورج کی کرنون کا عکس ایک ہلنے والے شیشہ کے ذریعہ سے کسی دور کے سٹیشن پر یا اسے بھی پرے ڈال سکتے ہین۔ (دیکہو شکل ۴) شیشہ (B) کا نہٹو نکے ذریعہ سے (U) کے شکل والے حلقے (C) پر رکھا ہوتا ہے اور وہ حلقہ ایک ایسے پلیٹ پر لگا ہوتا ہی کہ جو ایک اور پلیٹ پر جو ایک سہ پائی (A) پر لگی ہوئی ہے بڑی حرکت کرتا ہو ایک ٹنجنٹ سکریو (E) جوان دونو پلیٹون کے بیچ ہو شیشہ کو ایک دہیمی پڑی حرکت دیتا ہے تاکہ وہ سورج کی چال کے مطابق چل سکے۔ ایک ورٹیکل سکریو راڈ (J) جو شیشہ کی پچھلی طرف لگا ہے اوپر کے حصے کو آہستہ آہستہ نیچے کہینچتا ہے اور پھر اسکو اوپر اٹھاتا ہے جیسے شیشہ کا رخ سورج کی کرنون کے مطابق ہو جاتا ہے۔ ان دونو سکریوؤن کی حرکت سے شیشہ کی روشنی لگاتار کسی ٹہرائی ہوئی جگہہ پر ڈالی جا سکتی ہے۔ اشارے دینے کے لئے کام لئے گئے راڈ (J) سپرنگ (G) کے ساتہ دبایا جاتا ہے تھوڑا یا زیادہ ٹہر نیکے پیچہے پھر ڈہیلا کیا جاتا ہے اسی طرح سے ایک ڈاٹ یا ڈیش کیواسطے

کیواسطے کسی دور کے سٹیشن پر روشنی پڑتی ہے -

ہیلوگراف کے ٹکڑون کے نام نیچے لکھے جاتے ہین اور یہ حروف شکل ہر کے مطابق ہین اور ہیلوگراف مین سامنے ٹنگ دین لگائی گئی ہے -

A ٹرپیڈ وو کیپ یعنے سہ پائی ٹوپی ہیت

B سگنلنگ مرر یعنے خبر بھیجنے والا شیشہ

C فریم فور مرر یعنے یو U کی شکل والا فریم شیشہ کیواسطے -

D ٹینجنٹ بکس یعنے وہ بکس جسمین کمانی ہوتی ہے

E ٹینجنٹ سکریو یعنے وہ پیچ جسسے شیشہ کا رخ دائین یا بائین ہوتا ہے -

F لیور آرم یعنے ایک پلیٹ ہے جو دو بازون سے نکلکر سامنے جاتا ہے -

G سپرنگ یعنے کمانی -

H کیمشن سکریو - ایک ٹوپی نا چھوٹا سا سرا ہے جسپر انگلی رکھکر شیشہ کو حرکت دیتے ہین -


I کی یعنے چابی -

J ورٹیکل راڈ این ساکٹ یعنے ایک کھڑا گز جو شیشے کے سر پر لگا ہوتا ہے -

K سکریو جو اوپر لکھے گئے گز کو مضبوط کرتا ہے -

L جائنیڈ آرم یعنی ایک بازو جو آگے کیطرف سہ پائی پر لگایا جاتا ہے -

نقشہ ہیلوگراف کا جسمیں سائیٹنگ وین لگا ہے



(شکل ۲)

M سکریو جو اوپر لکھے گئے بازو کو مضبوط کرتا ہے۔

N سکریو جو بازو کو سامنے سے بائی پہنگ کے ساتھ جوڑتا ہے۔

O سکریو جو اوپر لکھے گئے سکریو کے اخیر پر ہے۔

P ڈبل جائنٹڈ سائٹنگ راڈ

Q سائٹنگ وین معہ سائٹنگ پاٹ اور آڑھی لائینونکے۔

ہیلوگراف کی سہ پائی کی تین مہاگنی کی ٹانگین ہوتی ہین اور تینون ٹانگین اوپر سرے پر ایک پیتل کے ساتھ ملجاتی ہین اور اس پیتل کے ساتھ ایک سکریو ہوتا ہے جس مین ہیلوگراف اور لیپ رکھا جاتا ہے۔

ڈوبلے مرر کے پرزون کے یہ نام ہین - حروف معہ پہلی فہرست A سے Q تک شکل پانچ کے یعنے ہیلوگراف جس مین دوہلے مرر لگا ہے کے متعلق ہے


R ڈوبلے مرر معہ سائٹنگ پاٹ کے

S U فریم ڈوبلے مرر کیواسطے۔

T سکریو جو فریم کو مضبوط کرتا ہے۔

وہوپ مین ہیلوگراف کو کسطرح کام مین لایا جاوے

ہیلوگراف ایک سائٹنگ وین (Q) کے ذریعہ سے لگایا جاتا ہے اور یہ سائٹنگ


ہیلوگراف جسمیں ڈوبلے مرر لگاہے
J
B
C
R
S
T
E
L
O
K
A
(شکل ۷)

دین شیشے کے کئی ایک انچہ سامنے ایک سائی ٹنگ راڈ (P) کے ذریعے
پہیلائی جاتی ہے اور یہہ راڈ جوڑے ہوئے بازو (L) کے بیچ لگایا گیا
ہے کسی دور جگہہ کے ساتھہ سائی ٹنگ دین سدہا نیکے لئے سگنلر شیشے کے فرنٹ
مین اس دور کے سٹیشن کیطرف پیٹھہ کرکے کھڑا ہو کہ جسکیطرف اُسنے خبر بہیجنی ہو
اور اپنا سر اور آنکہین تبتک ہلاتا رہے کہ جبتک شیشے کے ٹہیک سنٹر مین دور کے
سٹیشن کا عکس دکہلائی نہ دیوے - پہر وہ اپنی مہر کو سر کاٹے بنا سائی ٹنگ دین کو
اتنا ہلاوے کہ سائی ٹنگ پاٹ کا عکس ٹہیک شیشے کے سنٹر کے اور دور والے
سٹیشن کے عکس کے سیدہ مین آجاوے - سگنلر کو اس بات کی ہشیاری کرنی چاہئے
اصل یا پیہ شیشے پر پڑے اور نہ کسی وجہہ کا دہبہ جو شیشے پر ہو نظر آوے - پہر سائی ٹنگ
پاٹ اس دور کے سٹیشن اور شیشے کے سنٹر کے بیچ ایک سیدہی لائین مین آجاتا ہے
خواہ شیشہ کسی رخ یا طرف کو لگایا جاوے -

اب سگنلر ہیلیو گراف کے پیچہے ہو جاوے اور شیشے کو ہلاکر سورج کا عکس سائی ٹنگ دین
پر لاوے اگر اس مین کچہہ کہڑی یا پڑی تبدیلی کرنی ہو تو یہ سکریو کے کہڑی یا پڑی حرکت
دینے سے ہو سکتا ہے -

کہڑی حرکت والا سکریو چابی (I) کے بعین ہی ہے اور یہہ شیشے کو گہمانے سے


اسکا رخ بدل دیتا ہے اور بڑی حرکت والا سکریو ٹینجینٹ سکریو (E) ہے اگر بہت
سی تبدیلی کرنی ہو تو وہ سکریو (K) کو ڈھیلا کر دے ایکے کرنیسے کہڑی راڈ اپنے
گہر مین کسی رکاوٹ بنا گہوم سکیگی جب کچھہ کچھہ درست ہو جاوے تو وہ انکو پہر جوڑ دے
اور چابی کے ساتہہ سب سدہا رہے ۔ اسیطرحسے شیشے کو بڑے طور پر اٹیکے لئے وہ ماس
کے سکریو (E) کو اپنے بائین ہاتہہ کی کلمہ کی انگلی سے ریر کیطرف دبا کر نکال لیوے
مگر بائین انگوٹھے سے مماس کے بکس ( ) کی پیٹھہ کو زور سے دبائے رہے
اور دہنے ہاتہہ کے ساتہہ Q فریم کے دہنے بازو کو پکڑے رہے ۔ اس بات کی ہشیاری
کرنی چاہئے کہ شیشہ ہلانیکے وقت سکریو کو پیچھے کیطرف مضبوطی سے پکڑے رہو ورنہ
سکریو کے دانتے بگڑ جاینگے ۔
سائٹ منگ وین سفید دہات کا ایک ٹکڑا ہے جسپر ایک سائٹ منگ سپاٹ لگا ہو
اور یہہ خواہ ایک کالا سا دہبا ہوتا ہے یا بڑی اور کہڑی لکیرون کے ملاپ سے
ایک الٹی T (⊥) ہوتی ہے سگنل دینے والے شیشے کے سینٹر مین ایک
چھوٹا سا چکر بے قلعی کیا ہوا ہو اسواسطے سورج کی کرنون کا عکس نہین ڈال سکتا ہو اور اس عکس ڈالنے والے جگہ کے
سبب ایک چھوٹی سی گیا سایہ عکس والی روشنی کی سینٹر پر پڑتی ہو اسکو شیڈو سپاٹ یعنی سایہ کا نقطہ بولتے ہین
جب چابی دبائین تو شیڈو سپاٹ کو سائٹ منگ سپاٹ کے مطابق ہونا چاہئے

تب شیشے کی روشنی کسی دور سٹیشن پر پڑیگی چونکہ سورج لگاتار آسمان میں چلتا نظر آتا
ہے اسلئے یہ شیڈ وسپاٹ سکریوؤں کو دونوں حرکت دینے سے شیشے کا ڈایرکشن
ہمیشہ بدلکر سائی ٹنگ وین کے مطابق کیا جاتا ہے سگنلر جب میسج بھیج رہا ہو اپنی آنکھیں
وہیں پر برابر اسبات کے معلوم کرنیکے لگائے رہے کہ آیا شیڈ وسپاٹ چابی کے
ڈھیلا کرنیکے وقت سائی ٹنگ سپارٹ سے مطابق رہے یا نہیں اور جب وہ چابی کو
دبائے شیڈ وسپاٹ سائی ٹنگ سپاٹ پر پڑے۔
جب سگنل دینا شروع کریں تو اسبات کی ہشیاری کرنی چاہیے کہ شیڈ وسپاٹ سائی ٹنگ
سپاٹ سے اچھی دوری پر رہے تاکہ جب چابی ڈھیلی کیجاوے تو دور والے
سٹیشن پر وہ روشنی دکھلائی نہ پڑے اور یہ بھی نہایت ضروری ہے کہ آہستہ آہستہ
سے کام کیا جاوے تاکہ بے ضرورت اس آلے کو حرکت نہونے پاوے۔
جھٹکے کا اندازہ شیڈ وسپاٹ اور سائی ٹنگ سپاٹ کے بیچ کا فاصلہ سکریو (H)
کے سدھارنے پر حصر رکھتا ہے۔
اگر ہیلوگراف ایسی جگہہ لگایا جاوے کہ جہاں سے سگنلر شیشے کے سامنے کھڑا ہوکر
سائی ٹنگ وین کو دور والے سٹیشن کی سیدھ میں نہ لا سکے تو دوسرا قاعدہ اسکا
یہ ہے کہ وہ کام شیشے کے سنٹر کے بیچ والے چھید سے دیکھکر ریر کیطرف سے ہی

کر سکتا ہے۔ جب ہیلوگراف سے کام کرنے لگیں تو اسکا بکس اس آلے (O) کے نیچے رکھا جائے سہ پائے کے اوپر ٹانگ دیں۔

جب سورج سگنلر کے پیچھے ہو تب ہیلوگراف کو کام میں لانیکا قاعدہ

اس صورت میں سورج کا اچھا عکس دور والے سٹیشن پر ایک ہی شیشے سے ڈالنا غیر ممکن ہوا اسلئے ایسا دوسرا شیشہ لگایا جاتا ہے کہ جسپر کاغذ کا دین چپٹا ہوتا ہے اور اسکا سائیڈ ٹانگ پارٹ شیشے کے سینٹر میں ہوتا ہے۔ سگنلر اس طرح سے کام کرنا شروع کرے یعنے سگنل دینے والے شیشے (B) کو کچھ کچھ سورج کے سامنے رکھے اور شیشے



دو پلے شیشے (R) کو سائی ننگ بین کی جگہہ لگا کر اسکا رخ اس دور والے سٹیشن کیطرف پھیر دوے کہ جسکی طرف خبر بھیجنی ہے۔ اب اس بات کی ہشیاری کیجاوے کہ دونو شیشے ایک دوسرے سے ایسے الگ الگ رہین کہ شیشہ (R) سورج کی کرنون کو شیشہ (B) سے نہ روکے اور نہ ہی شیشہ B دور والے سٹیشن کی روشنی کو چھپائے جیسی کہ تصویر

B وہ شیشہ جسے سگنل دیا جاویگا

S سورج۔

R ڈوپلے شیشہ

Z دور والا سٹیشن۔

اب سگنلر ڈوپلے شیشہ کے نیچے کہڑا ہوجاوے اور سگنل دینے والے شیشہ کے بیچ سے دیکھے اور اپنے سر کو تبتک سرکاتا رہے کہ جبتک دونو شیشون کے سینٹر اسکی آنکہ کی سیدہ مین نہ آجاوے۔ پہر سر ہلانے بنا ڈوپلے شیشہ کے رخ اور جہکاوٹ کو سدہارے یہان تک کہ دور والے سٹیشن کا عکس دونو شیشون کے سینٹرون کی سیدہ میں دکہلائی دے۔ پہر وہ دوپلے شیشے کو اسی پوزیشن مین مضبوط کرے اور جبتک اس سٹیشن کے ساتہ خبر رسانی کرتا ہو اسجگہہ سے بالکل نہ ہلنے دے۔

پہر وہ اپنی پوزیشن بدلکر سگنل دینے والے شیشے کے پیچھے آجاوے اور اسکی چمک کو ڈوپلے شیشے سے کاغذ دینے پر ڈالے اور جیسے کہ اکیلے شیشے کے ساتہ کام کیا جاتا ہے اسیطرح سے کام کرنے لگے۔

دوسرا قاعدہ یہہ ہی کہ جب وہ دوپلے شیشے کو اسوقت کہ جب وہ سگنل دیتے والے شیشے کو پیچھے کہڑا ہو سنہارسے اور سگنل دیتے والے شیشے کے سیٹر کے چہید کے بیچ میں دیکھتا ہی - اس صورت میں دور والے سیشن کا عکس سائے ٹنگ دین کے کاغذی دین پر ٹہیک پڑنا چاہئے -

ہیلوگراف کو تیز ہوا مین بچانیکا قاعدہ

ہر ایک حالت مین تپائی کی ٹانگین خوب مضبوط زمین مین دبا دینی چاہئین مگر جس وقت تیز ہوا چلتی ہو تو ایک ریت کی ہیلی یا کوئی اور بوجہہ اس ہک کے ساتہہ جو تپائی کے اوپر کے سرون کے بیچ لٹکتا ہے لٹکا دینا چاہئے اور یہہ بوجہہ زمین سے لگا رہے تاکہ تپائی ہلنے نہ دے - اور زیادہ مضبوط کرنا ہو تو نیچے لکہا گیا قاعدہ برتا جاوے - ہیلوگراف کے ٹہیک سینٹر کے نیچے ایک گڑہا کئی انچہ گہرا کہودین اور یہہ گڑہا اتنا ہو کہ جسمین کوئی چار ہیلوگراف انچہ لمبی لکڑی رہ سکے - اس لکڑی کے ساتہہ ایک ایسی ڈوری یا تار لگا ہو کہ جسکے دوسرے سرے پر پہندا لگا ہو پہر گڑہے کو پہر دوا دینے سے اور تپائی کے ہک کو خوب مضبوط جکڑ دو تب تپائی خوب جمی رہیگی -

ہیلوگراف کو کام کرکے کیس میں رکھنے کا قاعدہ

جبتک ہیلوگراف اچھی طرح سے کیس میں تیار نہ کیا جائے وہ ضرور ٹوٹ پھوٹ جاویگا
اسواسطے یہ ہشیاری کرنی چاہئے کہ نکل دینے والا شیشہ (T) فریم کے ساتھ ہموار رہے
اور ورٹیکل راڈ (J) اس بال سے جسکے بیچ وہ کام کرتا ہے نکل جاوے جاینٹ
ہٹا کر شیشے کی دائیں طرف ایسا دھراوین کہ شیشے کی پیٹھ اور ورٹیکل راڈ کے
بیچ آجاوے بڑا اسکریو (M) تھوڑا سا جوڑکر ہموار کر دیا جاوے۔
ڈو پلٹ مرر اس کیس میں جو اسکے واسطے دیا گیا ہے رکھنا چاہئے اور اسکا منہ یعنی
شیشے کی اوپر کی طرف گدی دار خانہ کیطرف رہے اور اسکا جوڑنے والا اسکریو (T)
شیشے کے برابر رہے جب درستی سے باندھا جاویگا تو یہ کیس بالکل ہموار کسی کھلائی جگہ
والی آہراہٹ سے بچا ہوگا۔

ہیلوسٹاف کا بیان


اس آلے کے شیشے کی ویسی ہی اچھی حرکت ہوتی ہے جیسے کہ ہیلوگراف کی ہوتی ہے تاکہ سورج
کی پیروی کرے مگر یہ اشارہ بنانیکے لئے ہلایا نہیں جاتا ہے - یہ کام ایک ڈھکنے

کے ذریعہ سے کیا جاتا ہے جو عکس والی روشنی کو روکتا ہے۔

کوپنگ ڈرم

اور بہت سی قسم کی چیزیں ون کو اشارہ دینے کیواسطے کام مین لائی جاتی ہین جنکا تھوڑا تھوڑا بیان کرنا فائدہ سے خالی نہوگا ان مین سے ایک کوپنگ ڈرم ہے۔
یہہ آوزار جہازوں اور کناروں سکو بیچ برتا جاتا ہے اور اسکو جہاز کے ڈیک یا زمین سے پندرہ یا بیس فٹ اونچا اوٹھانا چاہیے یہ آپسے آپ ہٹ جاتا ہے اور پہیلایا جاتا ہے۔ اس مین یہ فائدہ ہے کہ وہ چارون طرف سے دکہائی پڑتا ہے۔ اسلیے عکسی پیچ والے سٹیشن سے اسکے گرد کے کئی اور سٹیشنوں کے ساتھہ خبر رسانی کرسکتے ہیں






شکل ۷ میں یہ ورم لائن (C) سے پھیلا ہوا ہے جسمیں روشنی نظر آتی ہے اور
شکل ۸ میں سمٹا ہوا ورم ہے اور اسمیں روشنی نہیں دکھائی دیتی ہے ۔۔

شٹر اپریٹس کا بیان

ان ٹکڑوں سے وہ اوزار ظاہر ہوتا ہے کہ جو نیز مستقل سٹیشنوں پر سمندر کے کنارے
کام میں لایا جاتا ہے ۔ یہ چھوٹا یا بڑا حسب اتفاق اُس دوری کے جہاں تک کہ خبر رسانی
کرنی ہو بنایا جا سکتا ہے سب سے بڑا جو آجکل برتا جاتا ہے ۲۰ فٹ سطح کا ہے اور
صاف موسم میں دس یا پندرہ میل تک دکھلائی پڑتا ہے اسمیں کئی شٹر ہوتے
ہیں اور ہر ایک شٹر ایک کیل پر کام کرتا ہے اور سب ایسے طور سے جوڑے جاتے ہیں
کہ موٹھ (D) کے ہلانے سے سب ایک ساتھ ہلنے لگتے ہیں ۔ جب شٹر پڑی پوزیشن
میں ہوں جیسے شکل ۹ میں (A) پر جس جگہہ چیز بالکل چھپی ہوئی نظر آتی ہے
تو کچھہ بھی دکھلائی نہیں دیتا ہے بلکہ بہت ہی کم فاصلے پر بھی وہ بت نظر آویگا
مگر جب شٹر کھڑی پوزیشن میں ہوں جیسے کہ شکل ۱۰ میں (B) پر جس جگہہ چیز نظر آتی
ہے اور ایک بڑی سطح دکھلائی دیتی ہے مگر یہ شٹر اندھیری زمین کے سامنے کام
میں لایا جاوے تو اسکے منہہ کو سفید رنگ دینا چاہئے یا سفید کپڑا لگا دینا چاہئے



اور باقی لکڑی کے چوکھٹے کو کالا رنگ لگانا چاہئے اور اگر نیلے یا صاف زمین کے سامنے کام مین لایا جاوے تو نشتر کو کالا اور چوکھٹے کو سفید رنگ دینا چاہئے ۔

لایم لائیٹ

یہ روشنی ایک چونے کی پنسل سے نکالی جاتی ہے جو آکسی ہائیڈروجن کے ذریعہ سے گرم کیجاتی ہے ۔ یہہ اسطرح حاصل ہوتی ہے کہ آکسی جن گیاس کا شعلہ سپرٹ لمپ کے بیچ مین نکالکر پنسل کے سرے تک پہنچایا جاتا ہے ۔

اس تماشے مین نیچے والے پرزے ہین ۔

(۱) لمپ کی بوڈی ۔

(۲) آسکورنگ ڈسک کی کمیت
(۳) سپرٹ چیمبر
(۴) بتیل ہولڈر
(۵) ٹریپڑ
(۶) گیاس پرنٹ ورکنگ
(۷) گیاس ٹیوبنگ یعنی گیاس کی نلی -

(۱) لمپکے اندر فرش کے رخ ایک سوراخ ہوتا ہے جسمین ایسے دو دو مین کے شیشے لگے ہوئے ہین کہ انکے ذریعہ سے برابر برابر کر نین باہر نکلتی ہن اسمین دو ایسے شیشے لگے ہین کہ جو ایک طرف ہموار دوسری طرف گنبد دار ہین اونکی بیچ والی لکیر تین انچہ سے اور ایک دوسرے سے آدہ آدہ انچہ کی دوری پر ہین اور انکی گنبد دار سطحین ایک دوسرے کے سامنے ایسی رہتی ہین کہ دو ہموار سطحین باہر کیطرف ہو جاتی ہین یہہ کوئی ضروری بات نہین ہے کہ چاہئے کوئی سرا سوراخ کیطرف جوڑ دیا جاوے - بتیل ہولڈر کے رکھنے کے واسطے لمپ کے پیچھے ایک چھید بنا ہے اور لمپ مین ایک چہید دار ڈہکنا ایک قبضہ دار دروازہ اور ایک ہینڈی ہوتی ہے -

(۲) آسکورنگ ڈسک کی کمیت - روشنی اور شیشے کے بیچ ایک دہاتی ڈسک یعنے ٹکیہ ہے جو روشنی کو ایک چابی کے ساتھ جو لمپکے باہر کیطرف لگی ہے دکہانے اور چہپانیکے لئے اوٹھائی اور گرائی جاتی ہے اس چابی پر ایک ہاتھی دانت یا کسی ایسی چیز کا ڈہکنا لگا ہے کہ جو جلدی سے گرم نہین ہوتا ہے یہ ایک کمانی سے کام کرتی

ہے جو لیمپ کے باہر کیٹرن کی ہوئی ہے اور اسی سے ڈھکن اندھیری پوزیشن

(۳) سپرٹ چیمبر کے بیچ ایک دیا ہے جسمیں روئی یا سپنج کی بتی لگائی جاتی ہے اسکے سرے پر گیاس کے جانیکے واسطے نلی لگی ہوئی ہے جو نوکدار ہوتی ہے اور سپرٹ کے شعلے تک پہنچتی ہے اور دو چینیں ہیں زنجیری کے ساتھ لگی ہیں جنکے ذریعہ سے لیمپ کی بوڑی چیمبر کی چوٹی تک مضبوط جوڑی رہتی ہے - ایک سائی ٹنگ ٹیوب سپرٹ چیمبر پر لگی ہوئی ہے -

(۴) پنسل ہولڈر ایک دھاتی پنجہ ہے جسے چونکی پنسل پکڑی رہتی ہے -

(۵) تپائی ویسی ہے جیسے کہ ہیلو گراف کی ہوتی ہے -

(۶) گیس بیگ ایسی چیز سے بنا ہوتا ہے کہ جسمیں پانی تھم سکتا ہے اور اسمیں سوا تین فٹ چوڑا لمبا اور گہرا اور کسی جن آسکتا ہے اسمیں ایک چابی اور ہتوڑی ہے جسکے ساتھ ایک نلی لگی ہوئی ہے - پریشور بیگ لینے دباؤ کی تھیلی کرمچ سے بنا ہوتی ہے پہلے کام کرنیکے اسی جگہہ پر اس مین بارہ سے چودہ پونڈ تک ریت یا مٹی بھر دی جاوے

(۷) نلی لچکدار ہندوستانی ربڑ کی ہے جسکی بیچ والی لکیر ۳/۱۶ انچ ہوتی ہے

اور گیاس کی تھیلی کو کانڈکٹنگ پائپ کے ساتھ جو سپرٹ چیمبر کے باہر سے
جاتا ہے ملا دینی ہے جب گیاس درکار ہوتا ہے تو تھیلی کو پورا گھومایا جاتا ہے (پرتشو بیگ
پہلے ہی گیاس بیگ پر رکھدیا جاتا ہے) اور پھر گیاس چراغ کیطرف ایک اور تھیلی کے
ذریعہ سے آتا ہے جو کانڈکٹنگ پائپ پر ٹھیک تھونتی کے اوپر چیمبن نلی پہنچی ہی ہوتا ہو
نوٹ - جب کام کرچکین تو پنسل ہولڈر سے نکال لینی چاہئے۔
اوکسی جن گیاس - اوکسی جن گیاس نیچے لکھی ہوئی وزن چیزون کے ملاؤ سے بنتا
ہے سیلینے۔

کلوریٹ آف پوٹاش ۳۰ - حصے
(گرینولیٹڈ) نیوکسائیڈ آف مگنیشیا ۱ حصہ

نیوکسائیڈ آف مگنیشیا کوئی جز نہیں ہے مگر اسکے ڈالنے سے کلوریٹ آف پوٹاش جلدی حل ہو جاتا ہے۔
گیاس بنانا ہو تو کوئی ایک پونڈ یا قریب دو تہائی چھٹانک اوپر لکھے گئے مکسچر کا ریٹارٹ
لینے شیشہ کے برتن مین ڈالکر آنچ پر رکھدو مگر پہلے اسکا ڈھکنا اچھی طرحسے اپنی جگہہ پر کس
دینا چاہئے۔
نرم آنچ لکڑی کی ہوتی چاہئے نہ کہ کوئلے کی کیونکہ کوئلے کی آگ سے ریٹارٹ خراب ہو جایا کرتے ہیں
ریٹارٹ کو آنچ پر رکھنے سے پہلے گیاس بیگ کی نلی کھول دینی چاہئے اور ڈلاسٹک نلی کے

ٹکڑے کے ذریعہ سے واش بوٹل کے اُس حصے کے ساتھ جوڑ دینی چاہئے کہ جسپر اوٹ
(OUT) کا نشان لگا ہے اور ایک علیحدہ ٹکڑا نلی کا واش بوٹل کے اس حصے کے
ساتھ لگا ہوا ہے کہ جس پر نشان ان (IN) ہے ہاتھ مین پکڑ رکھنا چاہئے اور جب
گیاس آنے لگے تو اسکو ریٹارٹ کی نلی کے ساتھ لگا دینا چاہئے ۔
گیاس اب بیگ سے واش بوٹل مین جاویگا ۔
تھوڑی دیر پیچھے اسکے کہ ریٹارٹ آنچ پر رکھا جاوے اسکی بہاپ نکال دینی چاہئے اور
یہہ اکسی جن سے آسانی کے ساتھ اسطرح پہچانی جاسکتی ہے کہ ایک جلتی ہوئی لکڑی کا ٹکڑا
(دونا) ریٹارٹ کی نلی کے ساتھ لگایا جاوے اکسی جن نکلتا ہوگا تو ایک روشن سفید
لو پیدا ہوگی ۔
واش بوٹل کوئی اور ڈھکنے شیشے پانی سے بھری ہوئی ہو کام مین لانے سے پہلے نلی اور
واش بوٹل کو ہلا کر دیکھہ لینا چاہئے کہ کوئی چیز ان مین اٹکی ہوئی تو نہین ہے ۔
اگر گیاس زیادہ آنے لگے تو ریٹارٹ کو آنچ سے اوتار کر کسی پاس والی گرم جگہہ مین رکھنا
اور جب درکار ہو پہر آنچ پر رکھیں گیاس بنانیکے لئے ایک مرتبہ ایک پونڈ سے زیادہ
کلوریٹ ریٹارٹ مین نہ ڈالنا چاہئے ۔ ایک پونڈ سے اتنا گیاس نکلے گا کہ دو بیگ بھر
جاوینگے ۔ جب گیاس آنا بند ہو جاوے تو ریٹارٹ کو آنچ سے اوتار کر ٹھنڈا ہونے

دین اور جب سرد ہو جائے تو پانی دہو کر پھر آگ پر رکہدین تاکہ پہر کام مین لانیکے واسطے خشک ہو جاوے ۔

لیمپ کو ٹہیک کرنا

(۱) لیمپ کی بوڈی کو سپرٹ چیمبر سے اسطرح الگ کرنا چاہیے کہ وہ پینین جن سے وہ لگا یا گیا ہے نکالین اور پہر اسکو اوپر اوٹہالین ۔

(۲) گیاس پائپ کی پن الگ کرکے اسکو اوٹہالو ۔ کوئی سات انچ لمبی روئی کی بتی جو موٹائی مین ایسی ہو کہ خانہ مین آسکے اور کنارے ہشیاری سے جوڑ دو کناروں کو موڑ نا بتی کو خانے مین ڈالدو ۔ بتی کو خانہ کے سرے کے برابر کاٹ لو مگر تہوڑے سے ایک کنارہ ½ انچ اسجگہہ پر نکلے ہوئے رہین کہ جسجگہہ گیاس پائپ خانہ مین جاتا ہے ۔ گیاس پائپ پہر لگا دو بتی کے نکلے ہوئے کنارون مین نازل کو برابر بٹھادین تاکہ جب سپرٹ کو جلایا جاوے تو وہ لو مین لپٹا رہے ۔ پہر سرخن کو نازل کے ساتھ چہید کے نیچے اور بائین طرف دباؤ تاکہ گیاس کی نکاس کیواسطے ایک چہوٹا سا راہ بنجاوے ۔ یہ نہایت ضروری ہے کہ ان سب باتون پر نہایت ہشیاری سے دہیان دیا جاوے کیونکہ گیاس کی نکاس مین ذرہ بہر ہرج ہونے سے یا لو کے بڑہ جانیسے روشنی بندہو

جاد یجی -

(۳) چیمبر کو سپرٹ آف واین سے بہر دو -

(۴) لیمپ کی بروڈی کو اسطح سپرٹ چیمبر مین رکھدو اکسیجن گیاس لایم پنسل ہولڈر

کیسٹ فسر رہے -

روشنی لینے کا قاعدہ

(۱) سپرٹ لیمپ کو روشن کرو -

(۲) ایک لایم پنسل کوئی ایک انچ لمبی خانہ مین رکہدین شیشے کے نزدیک کا

سرا کاٹ دین یا پنسل کے لمبے اکسس کے برابر گرد چھیل دے پنسل کو

اپنی جگہہ مین رکھدین اور کچہہ وقت تک سپرٹ کی لو مین گرم

ہونے دین -

(۳) گیاس بیگ کو ربڑ کے ٹکڑے نلی کے ذریعہ سے اس کانڈکٹنگ پائپ کے ساتہہ جوڑدینا

جو سپرٹ چیمبر کے سامنے ہے -

(۴) پریشور بیگ کو گیاس بیگ کے سر پر رکہدو -

(۵) گیاس بیگ کا ڈہکنا کہول دو -

(۶) لیمپ کے ڈھکنے کو اوپر کیطرف لیجا کر لائم پنسل کو آگے یا پیچھے لیجا کر ایک پیچیدہ حرکت سے
سدھار لو یہان تک کہ گیاس کا نال لائم پنسل کے سرے پر آ لگے اور آکسیجن کے ڈھکنے کو اتنا
سدھار لو کہ جتنا چاہئے وتنا گیاس نکلے اور پنسل کا سرا خوب روشنی مین پہنچ سکے ۔ تیز
روشنی اس لو کی دو گیاسون کے ٹھیک مقدار پر موقوف ہے کہ جو پنسل کے سرے کو
پورے ڈھکنے کیواسطے پیدا کی گئی ہے اسکے سدھارنیکے لئے سکنلر کو شیشہ مین سایہ
کیطرف دیکھنا چاہئے اگر پنسل کا سرا روشن نہو تو یہہ ظاہر ہے کہ گیاس کی لو اسپر
نہین لگتی ہے اسحالت مین یا تو پنسل اتنی دور پیچھے ہے کہ جتنی نہونی چاہے یا اتنا گیاس
نہین نکلتا ہے کہ جتنا چاہئے یا یہ ہوگا کہ پنسل اتنی آگے ہوگی کہ جتنی نہونے چاہئے اور
گیاس اسکے جڑ پر ہی پڑتی ہے اگر پنسل کا سرا روشن ہو مگر بیچ مین ایک کالا دیا نظر پڑے
تو یہہ سمجھنا چاہئے کہ یہ اتنی آگے ہے کہ جتنی نہونی چاہئے یا گیاس بہت سا نکلتا ہے
اگر اوپر کا حصہ سیاہ اور نچلا حصہ روشن ہو تو یہہ سمجھنا چاہئے کہ پنسل اتنی زیادہ
آگے ہے کہ جتنی نہونی چاہئے ۔ اگر پنسل کے سدھارنے سے یا آکسیجن گیاس کے لانے
سے روشنی اچھی نہو سکے تو یہہ جاننا چاہئے سپرٹ کی لو سے جو ہائی ڈروجن آتا ہے
یہ اسکا نقص ہے وہ بہت ہی زیادہ یا بہت ہی کم ہوگا یعنے یہ بہت ہی اونچی ہوگی
یا بہت ہی نیچی ہوگی ۔ ناہمکر اسباب کی بنیاد ہی کیجا دے کہ لو بہت ہی اوپر نہ

اوٹھی ہوئی ہو۔

جب ہر ایک چیز ٹھیک ہو جاوے تو پنسل کا سرا کوئی ایک دسوان انچ بھر تی کے سنٹر کے پیچھے ہونا چاہئے تو چمنی کے ساتھ نہ لگنے پاوے اور عکسی سایہ جو شیشہ مین نظر آوے وہ ایک تیز اور ایک سادہ دایرہ روشنی کا ہونا چاہئے اور کوئی سایہ یا دھبا اسپر نہ دکھلائی دے۔

اب یہ بات کرنی رہی ہے کہ اس روشنی کا بہت سا حصہ کسی دور والے سٹیشن پر ڈالا جاوے یہ اسطرح سے ہوگا کہ شیشہ کو ایسے سدھارین کہ وہ ایک درست روشنی کا نقطہ بنجاوے۔ کوئی چیز قریب اٹھارہ انچہ کی دوری پر لیمپ کے سامنے رکھدین اور روشنی کے نقطہ کو تبتک سدھارین کہ جب تک ایک سب سے چھوٹا دایرہ روشنی کا بنجاوے اس دایرہ کی بیچ کی لکیر کوئی اٹھارہ انچ اس دوری سے ہوگا۔

اب روشنی کام کرنیکے لئے تیار ہوگی۔

لیمپ کے سدھارنے کیوقت ان ضروری باتون پر دھیان دینے مین یہ بات مانی گئی ہے کہ گیاس پائپ مین ٹھیک ٹھیک چھید نکالے گئے ہین اور ایسا موڑا گیا ہے کہ نال گیاس کا سیدھی طرف بڑے لیمپ پنسل کی رد کے سنٹر پر پڑے

اس سدھارنے مین نہایت نزاکت درکار ہوتی ہے اور لیمپ نکالنے کے پہلے
آزمایش کرنی چاہئے اور سگنلر کسی صورت سے بھی گیاس پائپ کو ہاتھ نہ لگائے
جب خبر دے رہے ہون تو لازم ہے پنل کیطرف روشنی قایم رکھنے کے لئے ہمیشہ
دھیان رکھنا چاہئے پہلے یہ کہ آکسیجن کے نال کے پوزیشن سے ٹھیک مطابق رہے
اور دوسرا یہ کہ دیکھتے رہین کہ پنل پھٹ نہ جاوے اگر وہ پھٹ جاوے گی تو وہ
اکثر چورہ چورہ ہو جاویگی اور جتنی جلدی ہو سکے اسکی جگہہ دوسری پنل رکھدینی
چاہئے ۔ جب کام کر رہے ہون تو گیاس کا ذخیرہ ہشیاری سے درست رکھنا
چاہئے اور جب کام نہ کرین تو کم کر دینا ہوگا لیمپ کی سدھائی کیطرف بھی خیال رکھنا
چاہئے اور یہ معلوم کرنا چاہئے کہ وہ خبر لینے والے سٹیشن کیطرف سیدھا ہے بانہین
سائیٹنگ ٹوب یا میخون کے ذریعہ سے سیدھائی معلوم ہو سکتی ہے اور انکا بیان
آگے آویگا ۔ جبتک کچھہ نہ کچھہ گیاس بیگ مین ہوگا تبتک گیاس بیگ کا دکھنا
ٹھہرا رہیگا ۔ جب کام ملتوی کر دیا جاوے تو ڈھکنا لیمپ کا الگ کر لینا چاہئے اور
پھر ریستور بیگ ہٹالین ۔ جب لیمپ سے پھر کام کرنے لگین تو پھر ریستور بیگ گیاس
بیگ پر ڈھکنا لیمپ پر لگانے سے پہلے رکھدینا چاہئے ۔
انگلستان مین تو روشنی پچیس میل سے زیادہ تک پہنچتی ہے ۔

جب ہو سکے تو دور والے سٹیشن کی سمت ٹھیک ٹھیک دن کیوقت لیمپ کی تجویز کی ہوئی پوزیشن اور دور والے سٹیشن کے بیچ عین سیدہ میں رہے جب اُس سائیٹنگ ٹیوب کے ذریعہ سے جو سپرٹ چیمبر کے اوپر لگی ہوئی ہے لیمپ کو سیدھا کریں تو مگنلر اس پن ہول میں سے دیکھے کہ جو پچھلے سرے پر ہے اور لیمپ کو اس ترکیب سے گھماوے کہ دور کی روشنی تلی کے بالکل بیچ آجاوے -

ہنڈ لیمپ کے بیان میں

یہ لیمپ ایک معمولی بلزائی ہے جس ایک سپاٹ ڈبل بتی ڈیڑھ انچ کی کولزا یا کسی اور نباتاتی تیل سے بھگوئی ہوئی ڈالتے ہیں حالی تیل اس میں نہ ڈالنا چاہئے -

اسمیں ایک ڈسک یعنے دایرہ لائم لایٹ کیطرح سے لگا ہوتا ہے اور ایک کی (چابی) ایسی لگائی گئی ہے کہ جو روشنی کو تیز یا مدہم کر دیتی ہے -

بتی کو اس ترکیب سے رکھنا چاہئے کہ اسکا سرا بلزائی کی طرف بیہرا رہے - یہ بات کی ہشیاری کیجاوے کہ جو چھید ہوا کے آنیکے واسطے لیمپ کے پیندے میں بنے ہیں ان سے ہوا آنی بند نہو جائے اسکے کھڑے کرنے کے لئے ایک تپائی ہوتی ہے جسکی ٹانگیں ایسی بنائی ہوئی ہیں کہ ایک دوسرے کے اندر ٹھیک آتی ہیں - اس


مین ایک دہاتی گرہ سٹد کے ساتھ لگی ہوئی ہے جو لیمپ کے نچلے کنارے کے

درست آتا ہے۔

ٹیلس کوپ یعنی دوربین کا بیان

صرف یہی ضروری نہین ہے کہ سگنلر فیلڈ گلاسون اور دوربینون کو کام مین لانا اچھی طرح سے جانتے ہون بلکہ جب درکار ہو شیشون کے صاف کرنے اور انکو پہر اپنی جگہ پر درست رکہنے کے لایق ہونا چاہئے - اسبات کے کرنیکے قابل ہونے کے لئے نقشے دوربین کے بنائے گئے ہین کہ جن سے ان آلون کی اصلی ترتیب معلوم ہو سکتی ہے۔

نقشہ ۱۱




A B دوربین کا آئی پیس ہے اس مین ایک ابجکٹ گلاس o ایک ڈایہ فرم d ایک بڑہانیوالا شیشہ a ایک فیلڈ لینس f ایک اور ڈایہ فرم d اور آئی لینس e ہے۔ دوربین کا آبجکٹ گلاس O پر دکہلایا گیا ہے - اسمین دو شیشے لگے ہوئے ہین ایک پتلا سا دو طرفہ محدب شیشہ اور دوسرا موٹا مجوف شیشہ اور پہلے کی حج

سطح دوسرے کی مجوف سطح مین درست لگی ہوئی ہے - ان شیشون کے پہر لگانے مین
اسبات کی ہشیاری کیجاوے کہ موٹے شیشے کی چوڑی سطح انکہہ کیطرف رہے اور پتلا
شیشہ باہر کیطرف دور والی چیز کیطرف ہو - شیشون کے خم اسطرف کے صاف دکہلانے
کے لیئے بڑہائے گئے ہین کہ جو آنکہہ E کیطرف جب انکو نلیون مین پہر لگادین
دکہاتا ہوگا -

نقشہ ۱۲ - فیلڈ گلاس

FIELD GLASS



ان شیشون مین ایک آبجکٹ گلاس o اور ایک
ڈایہ فرام d اور ایک آئی پیس e ہے

یہ اچہی طرح سے یاد رکہنا چاہئے کہ دوربین یا فیلڈ گلاس کے ابجکٹ گلاس پہر
کر لگانے مین سوڑہی ہوئی طرف ہمیشہ آنکہہ سے اس چیز کیطرف گہاتی چاہیے کہ
جسکو دیکہنا ہے -

گلاسون کو شمائی چمڑے یا سیاہی جیٹ کاغذ سے صاف کرنا چاہئے اور نلی سے جہان
تک ہوسکے کم نکالے جاوین - دوربین کی نلیون کی اندر کی طرفین جان بوجہہ کر
کالی کی گئی ہین اور انکو صاف نکرنا چاہئے - دوربین لگانے کیوقت نلیون کو تہوڑا
سا موڑدین اور بیدہانہ نکالدین اور جب دوربین کو بند کرنے لگین تو اسوقت بہی یہی کرنا
چاہئے -

آوازسے اشارے یا خبر بھیجنے کا قاعدہ

اشارے ہوگل یا بینگل اور بہانپے کی سیٹی وغیرہ سے بھی دئے جاسکتے ہین اور یہ کام چھوٹی یا لمبی آوازون سے جن سے ڈاٹ اور ڈیش معلوم ہون کیا جاتا ہے یا کسی ایسے آلے سے جسے دو نوٹ نکلیں اونچی نوٹ سے ڈاٹ اور نیچی نوٹ سے ڈیش مراد ہوگا جب اشارے ایک نوٹ سے دئے جاوین تو وہ آواز اوپر کے حکمون کے موافق ہونا چاہئے۔

(۴) سکھلانیکا طریقہ

ٹایم یعنے وقت

پہلے ضروری بات سگنلرمین یہ ہونی چاہئے کہ وہ مورس صاحب کی الف یا ع کو کسی ایسے اوزار سے جو کام مین لایا جاتا ہے سگنل دینے کے وقت ایسی آسانیکی ساتھ پڑھ سکے کہ گویا وہ صرف اسکو پکار کر سنائے جارہے ہیں۔ جبتک کہ وہ پراکٹس کرنیکی جگہہ پر کوشش کئے بنا یہ کام نکر سکے تو یہ ظاہر ہے کہ مشکل اور گھبراہٹ کیوقت جو میدان لڑائی مین پیش کرنی ہیں خبر کا جیسے کا تیسا

پڑتا ہے کا اسپر بہروسہ نہین کیا جا سکتا ہے۔


جس شکل مین یہہ حرف پڑہے جاتے ہین وہ اکثر مختلف اوزارون مین جو اسکام مین برتے جاتے ہین کچھہ کچھہ مختلف ہوا کرتی ہے مگر ان شکلون مین ایک ایسا چہپا ہوا خیال ہے کہ جو بدل نہین سکتا ہے۔ سب سے پہلے یہی خیال نئے سیکہنے والے کے ذہن نشین کیا جائے تاکہ جب ایک اوزار پر کام کرکے دوسرے اوزار پر کام کرنے لگے تو گہبرا نہ جاوے ایسی صورت اسوقت ہوگی کہ جب وہ ایک خاص شکل مین پہلے بار الف با دیکہہ چکیگا۔

وہ شکلین جن سے حروف مختلف اوزارون کے ذریعہ سے ظاہر کئے جاتے ہین دو طرح کے ہوتے ہین یعنے چیز کا ظاہر ہونا یا چہپ جانا جیسے ہیلوگراف اور شٹر وغیرہ اور ہلنا چیز کا جیسے کہ جہنڈی ان دونو قسمون مین سب سے زیادہ خیال وقت کا رکہنا چاہیے کیونکہ ہر ایک حالت مین ڈاٹ اور ڈیش جنہی مورس صاحب کی الف با دیتی ہے وقت کے چہوٹے اور بڑے وقفون مین بدلے جاسکتے ہین یہ بات اور زیادہ صاف کی جاسکتی ہے اور اس خیال کا سگنلر کے دل پر نقش کرنا زیادہ تر مفید ہو سکتا ہے۔ اگر ہم یہ سمجہین کہ جہنڈی کا ہلانا ہر وقت پورا دکہلائی دے سکتا ہے۔ جب جہنڈی ڈیش بنانیکے لئے نیچے لائی جاتی ہے تو وہ کمی سے

کے بیچ مین آنے سے دکہلائی نہین پڑسکتے یا پیچہے والی زمین کے پہچان کے سبب اکثر کم نہہ دیتی ہیں ۔ مثال اسکی یہہ ہے کہ ایک سگنلر کسی ایسی جگہہ جہنڈی ہلاتا ہے کہ جہان سے اسکا دہڑ کمر سے اوپر دکہلائی پڑتا ہے جب ڈیش بنادیگا تو جہنڈی چہپ جاویگی جب پڑہنیوالا جہنڈی کی پوزیشنون سے ڈیش اور ڈاٹ کے معلوم کرنیکی عادت کریگا تو وہ اسکو نہ پڑہ سکیگا لیکن اگر برخلاف اسکے وہ وقت کے دو مختلف وقفون سے جن مین لانگ اور شورٹ ہلاؤ ہوتے ہین اشارون کی پہچان سیکہا ہو تو اسکے واسطے اتناہی بس ہوگا کہ جہنڈی کو اپنی اصل جگہہ سے اٹہتے اور واپس آتے ہوئے دیکہکر اشارون کو سمجہہ سکے ۔

قریب قریب سب آدمی اسوقت کے خیال کو کان کے ذریعہ سے اچہی طرح سے حاصل کرسکتے ہین اسواسطے اگر ہوسکے سب سے پہلے نئے سیکہنے والے کو آواز کے ذریعہ سے جن مین لانگ اور شورٹ وقفے ہون سیکہلائے جاوین ۔

نقشہ ۱۳ ٹکٹکی



ایک اچہا آلا اس کام کیواسطے ڈمی کی ہے ۔ نقشہ ۱۳ سے وہ ڈمی کی معلوم ہوتی ہے کہ جو سنگل کرنٹ کی کے اصول پر جو ٹیلیگرافی مین کام آتی ہے بنائی گئی ہے ۔

الف باء سیکھنے کا قاعدہ

جب کلاس سیکھنے کیواسطے اکھٹی تو پہلے ہر ایک آدمی کو کم سے کم نو لفظ ایک منٹ مین پڑھنے اور بھیجنے سکھلائے جاوین اور جبتک اسمین پکے نہو جاوین پراکٹس کیواسطے سٹیشن نہ بنانے چاہئے -

جو آدمی نو لفظ ایک منٹ مین پڑھ اور بھیج نہ سکے اسکو کلاس سے نکالدینا چاہئے -

جب الف باء سیکھہ رہے ہون تو کلاس ہر ایک دن پانچ مرتبہ ایک ایک گھنٹہ کیلئے معہ رات کو ایک دفعہ کے حاضر ہوا کریگی - اس شروع کی سکھلائی مین اگر ایک دفعہ گھنٹے سے زیادہ کام کرینگی اور بار بار نہ آوینگے تو اسمین اسکی کسر نہ نکل سکیگی

الف باء ہمیشہ حرفون کے گروہون مین سکھلانی چاہئے اور ان گروہون کے معنی دار ہونے کی ضرورت نہین ہے اور جبتک حرفون کا ٹھیک ٹھیک پڑھنا نہ آجاوے تبتک لفظونکا استعمال نکرین - الفبر کشمرہ ان گروہون کو لیمپ یا ڈمی کے ذریعہ سے بھیجے اور آدمی اپنی سادہ میسج بک مین بڑے حرفون مین جیسے کہ A B C لکھتے جاوین -

پہلے دن صرف چار حرف E, I, S, H جو صرف ڈاٹون سے بنتے ہین سکھلانے

بس ہون گے۔ ہر ایک حرف پہلے ہی سے ہٹھیک مقرر کئے گئے اندازے یا اسکے قریب
قریب بہیجا جاوے تاکہ آدمیون کو اسکے پورے پورے پڑہ لینے کی عادت ہو جائے
اور نہ کہ اسکے حصون کے سمجھے کرنے شروع کرین اس عادت کے ہو جانے سے وہ
اچھے پڑہنے والے ہو سکینگے۔ پہر ان حرفون کو پڑہاتے بڑہاتے دوسے چہ تک یا اسے
ہی زیادہ ملاکر گروپ بنالین شروع میں حرفون کے بیچ بہت سا ہٹیرین تاکہ آدمیون
کو انکے معنے سوچنے مین وقت ملے مگر حرفون کے سمجھنے مین رفتار کو کم نہ کرنا چاہئے
اس ٹہیراو کو رفتہ رفتہ کم کرکے اصل رفتار پر لے آدین ۔

ہر ایک حاضری کے پچھلے حصے مین حروف چھوٹی چھوٹی جھنڈیون کے ساتھ کمرہ
کے اندر بہیجے جادین اور پہر کمرہ کے باہر نکل کر کام کرین جب کمرہ کے باہر حروف پڑہین
تو دو دو جوان کی ٹولیان بناوین صرف ایک جوان جو دوسرا ہووے لکھتا جاوین۔
آدمیون کو پہلے ہی سے ہر ایک حرف کو صاف طور سے کہنا سکھلایا جاوے اور اتنی
زور سے پکار کر کہے کہ لکھنے والا سن سکے مگر بہت للکار کے کہنے سے گڑبڑ ہو جایا کرتی ہے
اگر یہ حرف اچھی طرح سے یاد ہو جاوین تو دوسرے دن O M T سکھلانے چاہئے
اور پہر یہ چارون حرف دوسرے چارون کے ساتھ ملاکر سکھلا دین ۔ یہ بات یاد رکھنا
کہ اگر پچھلے حروف بتلائے ہوئے یاد نہو جاوین اور نئے حروف یاد کرنیکو کہا جاوے

گا تو اس سے وقت ضایع ہوگا -

[illegible] حرف ایک سکھائی جاوے تا زیادہ سکھانا کی لازمی نہین ہے

[illegible] خبر رسانی کی عادت ہو جاوے تو انکی جماعت سے -

پیچھے [illegible] سگنل [illegible] ساتھ مین وقت لگیگا مگر [illegible]

کو پندرہ سے بیس روز تک لبس ہین -

پہلے دس روز کے پیچھے کلاس کو دو سیکشنون مین بانٹ دیا جاوے تاکہ زیادہ بڑھے ہوئے
کام کرنے سے رک نہ جاوین بلکہ جہان تک ہو سکے انکو آگے ترقی کرنے دین - اگرچہ
سارے لشکر مین ایک انداز خبر رسانیکا مقرر کرنا ضروری ہے تاکہ ایک رجمنٹ کے
سگنلر کسیوقت دوسری رجمنٹ کے سگنلر کی خبر بھیجی ہوئی کو پڑہنے کے قابل ہون مگر اسبات
کی روک نہین کہ اس انداز سے بڑھکر جوان خبر بھیجنے کی عادت کرین علاوہ اسکے جو آدمی
زیادہ تیزی سے پڑہنے کی عادت کریگا اسکو آہستہ پڑہنے مین کم دقت ہوگی اور وہ
اسواسطے دھند اور آندہی اور پیچھے والی خراب زمین وغیرہ ہونے کی مشکلون کا کچھہ
خیال نہ کرکے اسانیکے ساتھہ سگنل دے سکیگا اور اسکا کام آہستہ پڑہنے والے آدمی
کی لیاقت کی نسبت زیادہ درستی سے ہوگا الغرض وہ آدمی نہایت اچھا سگنلر ہوگا -
جیسے جیسے کہ جوان حرفون کے پڑہنے مین ترقی کرتے جاوین ویسے ویسے انکو لمبے

اور چھوٹی جھنڈی) کے ذریعہ سے خبر بھیجنا سکھلانا چاہئے۔

لفظ اور گروپ کا بیان

کئی ایک دن پیچھے حرفون کے گروہون کے میسج بنائے جاوین اور یہ گروپ جس میں چھوٹے نقطون کے برابر ہون سب حرف سیکھہ کر تین الف با کا ایک ایک میسج بنا کر مشق کرنا نہایت آسان ہوگا اور اس سے کام کرنیکا اندازہ بھی معلوم ہو سکیگا۔

جب کلاس کے جوان بڑی اور چھوٹی جھنڈی اور لیمپ کے ساتھ خبر بھیجنا سیکھہ چکین اور مقررہ انداز سے درستی کے ساتھ پڑھ سکین پھر دو دو یا تین تین جوانون کی پارٹیان بنائی جاوین اور انکو تمثیل یعنی سرد اسٹیشن پر کام کرنا تلایا جاوے جیسے کہ ۔۔۔ ۔۔۔ نمونہ پر لکھا گیا ہے انکو ٹکیک کام کرنیکی اچھی طرح سے تعلیم دینی چاہئے پھر ان پارٹیون کو الگ الگ دو دو سٹیشن پر لگا دین مگر ایک دوسرے سے اتنی دور رہین کہ آواز سن نہ پڑے اور یہ پارٹیان آپس میں ایک دوسرے کو خبر بھیجین اور خبر پڑھا لین میسج اب بھی حرفون کے گروپ کا ہونا چاہئے۔ دوری ان سٹیشنون کی کم سے کم ایک میل کر دیجاوے جیسے کہ چھوٹی جھنڈی معمولی موسم میں دور بین یا ۔۔۔ بنا آنکھہ سے دکھلائی پڑ سکے۔

جب جوان سرے والے سٹیشن پر درستی اور تیزی سے کام کرنے میں لیق ہو جاویں
تو انکو اسی قاعدے سے بیچ والے سٹیشنوں پر کام کرنا سکہلایا جاویگا اور سب کے
آخیر میں ایک سلسلہ دار سٹیشنوں پر جسمیں بیچ ایک ایک میل کا فاصلہ ہو۔
بڑی جہنڈی سے کام کرنیکے پیچہے ہر ایک جوان کو کم سے کم نو لفظ ایک منٹ میں
بہیجنے کی لیاقت ہونی چاہئے۔ اس بات کی سخت ہوشیاری کیجاوے کہ جہنڈی
ہمیشہ ان قاعدوں کے مطابق ہلائی جاوے کہ جو ۱۲۔ ۱۳۔ ۱۴۔ ۱۵۔ صفحوں پر
لکہے گئے ہیں۔ بڑی جہنڈیوں کے ساتہہ دس لفظ ایک منٹ میں اور چہوٹی جہنڈی
اور لیمپ کے ساتہہ سولہ لفظ ایک منٹ میں بہیجا کرینگے اور اس سے زیادہ
ہرگز نہوں گے۔
پہر کلاس کو دوربین کی بناوٹ اور کام میں لانا سکہلایا جاویگا اور دور فاصلوں سے جہنڈی کے پڑہنے کی مشق
کرائی جاوے۔ جب دور فاصلوں پر حروف کا بہیجا نہو سکے تو انکو الٹی دوربین سے پڑہنے کی مشق کرائی
جاوے۔ جب دوربین سے پڑہ رہے ہوں تو دونوں آنکہیں کہلی رکہہ سکتے ہیں۔ جب ایک آدمی ان
پوری پوری باتوں میں پکا ہو جاوے تو انکی ایسی پارٹیاں بنا دیں کہ جن کے پاس پورا سامان
ہو یہ پارٹیاں پہلے پہل دو دو ہو کر دو میل سے پانچ میل کی دوری تک اور پہر سلسلہ
سٹیشنوں کا بناکر اسنے ہی فاصلوں سے کام کریں۔

جب وہ پیشتون پر بھیجے جاوین تو جوانون سے کہدینا چاہیے کہ اچھی پوزیشن لیند کرین اور اُن قاعدون کے موافق کام کرین جو زمین کی الگ الگ حالتون اور پیچھے والی زمین کی بابت سکہلائے گئے ہین (دیکھو صفحہ ۲۹) پیپسے کام کرنیکی تعلیم ون کی جھنڈی کی تعلیم کے برابر برابر دیجاوے تاکہ وہ تو قسم کے اوزارون سے الف با وحرف حرف کرکے سیکھ سکین۔

اس سکہلائی کے طریقہ سے جو انونکی ہشیاری کے مطابق چالیس سے لیکر پچاس دن تک لگینگے۔ یہ لگاتار ہونی چاہیے اور جب سے کلاس بنائی جاوے جوانون کو سب نوکریون اور پریڈون سے معاف کرنا چاہیے۔

لیاقت کی جانچ

الگ الگ اوزارون سے صحیح درستی سے پڑھنے اور بھیجنے کے واسطے کم سے کم نیچے لکھی ہوئی شرحین لیاقت کی جانچ کیلئے ہونگی۔

بڑی جھنڈی کے ساتھ۔ ایک منٹ مین نو نقطہ یا ۲ منٹ ۴۰ سیکنڈ مین
چھوٹی جھنڈی کے ساتھ۔ ایک منٹ مین بارہ نقطہ یا ۱ منٹ ۲۰ سیکنڈ مین
لیمپ کے ساتھ۔ ایک منٹ مین دس نقطہ یا ۲ منٹ ۔ سیکنڈ مین

ہیلوگراف جب جگہ بے روک کام کر سکتی ہین ایک منٹ مین دس لفظ یا ۲ فسٹ سکنڈ مین
اوپر لکھی ہوئی لیاقتون کے علاوہ جوان اس کتاب سے خوب واقف ہون اور
لڑائی کے میسیج کا بھیجنا اور قاعدہ سگنل کا خوب طرح سے سمجھتے ہون ۔

میسیج بھیجنے کا طریقہ
پریفکس کا بیان

یہ اکثر اتفاق پڑتا ہے کہ جب میدان جنگ مین (خاصکر جب ہیلوگراف کے ذریعہ سے خبرین کئی سٹیشنون کے سلسلہ مین سے ہو کر جاتی ہین) سگنل کا کام کیا جاتا ہے تو کام اوتنا ہو جاتا ہے کہ جتنا لائین نہین کر سکتی ہے ایسی صورتون مین یہ ضروری ہوگا کہ جو میسیج زیادہ مفید ہون تو اونکو حکم ضروری ہے پہلے بھیجے جاتے

اس مطلب کے واسطے میسیج بموافق انکی ضرورت کے کئی کلاسون پر بانٹے گئے ہین اور خاص پریفکس (ملیٹری ٹیلیگراف کے پریفکسون سے جو جنگی) [illegible]

کہ یہ معلوم ہو جائے کہ یہ میسج کس جگہ کا ہے۔ ہیرا سے ہو گئے یا پچھتہ
سٹیشنوں پر ان پریفکسوں کا دینا ضروری ہے

اگر کسی سٹیشن کے سگنلر کے پاس دو میسج الگ الگ پریفکس کے بھیجنے کے لئے
آویں تو وہ پہلے اس میسج کو بھیجے کہ جسکا پریفکس سب سے ضروری ہو اسکی کچھ پرواہ
نہیں کہ چاہے وہ اسکے پاس اس ضروری میسج سے پہلے آیا ہو۔ اسیطرح سے اگر
اسکو معلوم ہو جائے کہ کسی میسج کا پریفکس جو دوسٹیشن سے اسکے پاس بھیجے جانیکو
ہے ضروری نہیں ہے اور جو اسنے بھیجا ہے اسکا پریفکس ضروری ہے تو اسکو
چاہئے کہ اس سٹیشن والے کو میسج بھیجنے سے روک دے اور پہلے ضروری پریفکس کا میسج
بھیجدے۔ پریفکسوں سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ آیا جو میسج بھیجے جاتے ہیں وہ اسی
سٹیشن پر دے دئے جاوینگے یا ٹرنسمٹ (یعنے اصلی جگہ پر بھیجنے سے پہلے کسی
دوسرے سٹیشن کو دوبارہ سگنل ہو کر دیا جائیگا) ہونگے اسے یہ نتیجہ نکلتا ہے
کہ جو ٹیلے والے سٹیشن کے سگنلر [illegible]
میسج کی ایک کاربن کے تختہ کا غذ یا سیاہ کاغذ پر جو اسکی کتاب کے پہلے اور دوسرے
ورقوں کے بیچ لگا ہوتا ہے لینی ہو گی یا صرف ایک ہی پر۔ اگر وہ میسج اسکے
اپنے ہی سٹیشن پر دیئے کیواسطے ہے تو وہ اسکی دو پرت لیگا ایک پرت تو

سٹیشن سگے کاغذات مین رہیگی اور دوسری مکتوب الیہ (یعنے جسکے نام وہ آئی ہو) اسکو حوالے کیجاویگی۔ اگر میسج دوسرے سٹیشن پر بھیجنے کیواسطے ہے تو وہ صرف ایک پرت اسکی لیگا اور اگلے سٹیشن پر پہونچکر اسکو نقل کرلیگا۔

صرف نیچے کے لکھے ہوئے پریفکس آرمی سگنلنگ مین برتے جاوین گے اور وہ اس ڈھنگ سے رکھے گئے ہین کہ سب سے ضروری پریفکس شروع مین اور کم ضرورت کے اسکے آگے یہان تک کہ اخیر والا سب سے کم ضروری سمجھا جاویگا۔

وہ میسج جو خبر لینے واسطے سٹیشن پر دے دی جاوینگی۔

SB بکار سرکار سب سے ضروری

SG میسج جو لاین کے کام کے متعلق ہو۔

SM معمولی میسج بکار سرکار

S نج کا میسج۔

میسج جو خبر لینے والے سٹیشن سے ہوکر آگے بھیجی جاوینگی۔

XB بکار سرکار۔ سب سے ضروری۔

XG میسج جو لائن کے کام کے متعلق ہے۔

XM معمولی میسج بکار سرکار

X بنج کا میسج

SB ان میسجون کے ساتھ لگایا جاویگا جو جرنیل صاحب یا کسی کمان افسر صاحب
یا بڑے افسر کے حکم سے بھیجے جاویں اور جنکے لئے جلدی بھیجنے کا حکم ہے (یہ اُس
پریفکس کے برابر ہے کہ جو آجتک ہندوستان میں CL یا LL یعنے
کلیر دی لائین کی جگہہ برتا جاتا ہے)

SG اُن میسجون کے ساتھ لگایا جاتا ہے کہ جو سگنلنگ افسر یا اسکے نیچے
والون کی طرف سے بھیجے جاوینگے۔

نوٹ نام اُن افسرون وغیرہ کے جنکو S.B میسج بھیجنے کی اجازت دیجاوے
گی اکثر مقامی جنرل آرڈرون میں مشتہر کئے جاوینگے

کوڈ ٹائم

اگرچہ مختلف کلاسون کے میسج آگے یا پیچھے بھیجے کا حال پریفکس سے کھل جاتا
ہے مگر پھر بھی ایک کلاس کے میسجون کے بھیجے کیواسطے کوئی ترتیب مقرر کرنی
چاہئے جیسے کہ اگر کوئی میسج [illegible] جنکے ساتھ کام رہا ہو اور اسکے پاس دو یا زیادہ میسج
کسی سٹیشن سے آئیں [illegible] تو آخر کو نام کی [illegible] خیال کرکے بھیجنے چاہئے ۔

اس کو قایم سے وہ وقت معلوم ہوتا ہے جب بھیجنے والے نے میسج سگنل
سٹیشن کو دیا ہے (یا ملٹری ٹیلیگراف آفس) کو اگر وہ آرمی سگنلنگ کے
ساتھ ملکر کام کرتا ہے)
نیچے والے نقشہ کے مطابق وقت بھیجا جاتا ہے۔



A سے M تک کے بارہ حرفوں سے بارہ گھنٹے معلوم ہوتے ہیں اور ان سے
بارہ وقت پانچ پانچ منٹوں کے جن سے گھنٹہ بنتا ہے ہی ظاہر ہوتے ہیں
بیچ والے چار منٹوں کیلئے صرف R.S.W.X لکھے گئے ہیں۔ اگر صرف ایک ہی

جیسے حرف [illegible] تو ان سے گھنٹے ظاہر ہون گے جو دو ملا کر بھیجے جاینگے تو اُن سے
گھنٹے اور پانچ منٹ والے کہیں وقت معلوم ہون گے اور اگر بیچ والے حرف
S.W X [illegible] سے جو [illegible] بھیجے جاوین گے اُن سے گھنٹے اور منٹ ظاہر
[illegible] A.M (پہلے دوپہر کے) یا P.M (پیچھے دوپہر کے) [illegible]
[illegible] ہیں -

۲	B سے مراد ہے	۱۲	[illegible]
۹	T "		[illegible]
۴۵-۲	BI "		[illegible]
۴۹-۲	BIX "		[illegible]
۴۹-۲ پیچھے دوپہر	BIXPM		[illegible]

[illegible] چاہیے اگر [illegible] آدھی رات کو یا دوپہر کو [illegible]
MR a.m [illegible] MR p.m دیا جاوےگا -

[illegible] اور اشارون وغیرہ کا گننا

[illegible] سے حرفون کا ایک ٹھیک لفظ سمجھا جاویگا چاہئے فل سٹاپ اسکے

جیسے بدیا نو جیسے کہ G.OC, AAG ہر ایک تین تین لفظ گنے جاوین گے
S6S0 ؛ DAAG چار چار لفظ شمار ہون گے اور اسیطرح سے گنتی جاوینگی
اگر بڑے حرفون مین نہ لکھے ہون اور چھوٹے حرفون مین ہون - جیسے کہ oc g تو
اسکا ایک لفظ گنا جاوے گا -

شروع والے حرف چاہئے کس طرح سے لکھے جاوین جب پتہ مین لکھے جاوینگے
تو ہر ایک حرف کا ایک ایک لفظ گنا جاویگا -

نوٹ - ۱ - ایسے ملاپ کے حرفون کے واسطے جسکے کچھ معنی نہ نکلین پانچ حرفون
کا ایک لفظ شمار ہوگا - شاپ یعنے ہیرا و نکا اگر میسج کے بھیجنے والا دینا چاہتے
اب ایک لفظ ایک پاس ہیرا و کا گنا جاوے گا -

رہ ہندسون مین لکھے جاوینگے چاہئے وہ ہندسے ہون یا میسج کی عبارت
کے پانچ عندسون کے واسطے ایک لفظ شمار کرنا چاہئے جیسے کہ ۱۲ ۲۷
۶۷ ۳۸ - انکے ہر ایک کے واسطے ایک ایک لفظ شمار کیا جاویگا
اب کیوں اسطے ایک ۱۲ کیواسطے اور ۳۸۵۶۳ کے واسطے ہی ایک ہی گنا
جاویگا - البتہ اگر ایک عدد ایسا ہیجا ہو کہ جس مین پانچ ہندسون سے زیادہ
ہون وہ ایک پورے گروپ مین ہیجا گیا ہے مگر لفظون کی گنتی مین شمار کیا

اور اگر ضروری ہو پانچ ہندسے ایک لفظ کے شرح سے دام لیا گیا ہو ... گنے جاوینگے لفظ ... لفظون مین لکھے گئے ہون وہ ہمیشہ لفظون مین بھیجے جاوینگے جیسے کہ ... ایک سو پچاس جسطرحسے لکھے گئے ہین اسیطرح سے بھیجے جاوینگے اور چار لفظ گنے جاوینگے۔

عدد صفات (مثلاً فسٹ سکینڈ وغیرہ) کا شمار جو ہندسون مین لکھے جاوینگے اُس قاعدے کے موافق ہے کا جو اوپر لکھا گیا ہے ایک حالت لفظ ہر ایک صورت مین "st" "nd" "rd" "th" جو ہندسون کے اخیر میں ہوگا اسکے لئے گنا جاویگا۔

1054

جب ہندسون کے گروپ کے پیچھے الف با کا کوئی حرف آوے جیسے کہ ... تو اس حرف کا ایک لفظ گنا جاویگا اور جو مثال اوپر دی گئی ہے اسکو اسلئے دو لفظ شمار ہونگے۔

کسرون مین جو لکیر شمار کنندہ اور نسب نما کے بیچ ڈالی جاتی ہے وہ ... ہندسہ گنا جاویگا جیسے $\frac{1}{2}$ برابر ہے تین ہندسون یا ایک لفظ کے ... ہے ایک لفظ کے $\frac{7}{8}$ ۲ ۴ ۷ برابر ہے دو لفظون کے۔ جب ... اخیر مین ths لگایا جاوے گا تو وہ ایک لفظ شمار ہوگا جیسے ths

[illegible]

[illegible]

[illegible]

کرنیکے واسطے لگایا جاوے گا تو اس [illegible] جیسے

2. برابر ہے تین لفظون کے R.3a' برابر ہے تین لفظون کے 3rd

برابر ہے چار لفظون کے A.M اور P.M جب "am" "pm" لکھے جاوینگے

تو ہر ایک حرف ایک لفظ گنا جاویگا m 2.35 دو لفظ شمار ہون گے۔

روپیون کی رقمیں جب ہندسون مین لکھی جاوینگی تو وہ اوپر کے قاعدے کے

موافق شمار ہونگی اور ایک لفظ £ کے نشان کے واسطے جب لگایا جاوے گا

بڑہانا چاہئے اور حرف "s" اور "d" کے واسطے بھی ایک ایک لفظ بڑہایا جاوے گا

جیسے 7/6 کا ایک لفظ گنا جاوے گا 7s 6d کے چار لفظ 2/7/6

کا ایک لفظ شمار ہوگا £ 10/19/5 کے تین لفظ ترچھی لکیر کا ایک ہندسہ

گنا جاویگا۔

جب رقمیں روپیونکی کوئی ہندسون مین اور کوئی لفظون مین لکھی جاوین تو

انکا شمار نیچے کیطرح سے کیا جاویگا ٦ پنس دو لفظ ١٠ پونڈ ١٦ شلنگ

چار لفظ گنے جاوینگے مگر جیسے پیشی لوٹینن تتری ہینں وغیرہ جب پورے لکھے
جاوینگے تو ہر ایک حرف ایک پورے لفظ گنا جاویگا ۔

ہندسون و کسری نشانونکا استعمال کرنا

ترچھی لکیر جو c/o (معرفت) مین لگائے جاتے ہو اور شلنگ اور پنس کے
الگ الگ کرنیکے واسطے کام مین لائی جاتی ہے جیسے 2/6 اور کسیوقت
کسرون مین بہی یہ نشان ہوتا ہے تو یہ نشان حرف S کو تین دفعہ نیچے کیطرح
دہرایا جاویگا یعنے ۔

c ... ... o جسکے معنی c/o (معرفت)

3 ... ... 5 " 3/5 تین

شلنگ پانچ پنس یا کسر تین پانچوین کی)

کہڑی لکیر جو کسرون مین لکھی جاتی ہے وہ حرف m کو تین مرتبہ نیچے کیطرح
دہرا کر دیا جاتا ہے یعنے ۔

3 — — — — 5 یعنے "3/5" (تین پانچوان) جب
نیومرل کوڈ کے مطابق بند سے بہیجے ہون تو سگنلر کو پہلے خاص سگنلر FI

